آپ بیلجیئم میں ٹھہرے ہوئے ہیں لیکن آپ بیلجیئم کے شہری نہیں ہیں اور آپ ان میں سے کسی ایک یا زیادہ صورتحال میں مبتلا ہیں:

- خود کو آپ ایک ایسی حالت میں نہیں دیکھ رہے کہ جس کا آپ سے وعدہ کیا گیا تھا۔
- آپ کو ایسی چیزیں کرنے پر مجبور کیا جا رہا ہے جنہیں آپ کرنا نہیں چاہتے۔
- آپ کی تنخواہ اس سے کم ہے کہ جتنی کا آپ سے وعدہ کیا گیا تھا یا جتنا آپ کام کرتے ہیں اتنی تنخواہ نہیں ملتی یا اتنی مشکل سے ملتی ہے۔
- آپ کو کام کرنے پر مجبور کیا گیا ہے تاکہ آپ کو یہاں لے کر آنے والے افراد یا ان کی درخواست پر آپ خود سفر کے اخراجات ادا کر سکیں۔
- آپ یا آپ کے گھر والوں کو دھمکیاں دی جا رہی ہیں، اور/یا آپ پر کسی قسم کا تشدّد کیا جاتا ہے۔
- آپ کے کاغذات آپ سے لے لئے گئے ہیں یا انہیں یا ان پر کارروائی نہیں کی جا رہی ہے۔
- زیادہ تر وقت میں آپ کو کسی جگہ میں بند رکھا جاتا ہے۔ آپ باہر کی دنیا سے بالکل الگ رہتے ہیں۔
- آپ کسی طویل سفر کے دوران بیلجیئم میں پھنس گئے ہیں اور اس سفر میں آپ نے کافی رقم خرچ کر دی ہے، اور آپ کسی تشدّد کا شکار بھی ہیں یا آپ کی جان کو خطرہ ہے۔

اگر آپ چاہیں، تو ہم یا آپ کسی ایسے سینٹر سے رابطہ کر سکتے ہیں جو سمندر پار انسانوں کی غیرقانونی تجارت کا شکار بننے والے افراد کا استقبال اور ان کی رہنمائی کرنے میں ماہر ہوں۔

مندرجہ ذیل سینٹرز آپ کو اس مدد کے سلسلے میں مزید معلومات فراہم کر سکتے ہیں جنہیں وہ فراہم کر سکتے ہیں اور سمندر پار انسانوں کی غیرقانونی تجارت کا شکار بننے والے افراد کی مخصوص حالتوں کے بارے میں بھی مدد کر سکتے ہیں۔

PAG-ASA : ☎ 02/511.64.64 – Brussels – info@pag-asa.be
PAYOKE : ☎ 03/201.16.90 – Antwerp – admin@payoke.be
SÜRYA : ☎ 04/232.40.30 – Liège – info@asblsurya.be

استقبالیہ سینٹر (Reception Centre) آپ کے لئے کیا کر سکتے ہیں؟

یہ درج ذیل کر سکتے ہیں:

- آپ کے لئے ایک محفوظ پناہ گاہ فراہم کر سکتے ہیں؛
- آپ کے لئے (میڈیکل، سماجی، نفسیاتی، قانونی معاونت) کے سلسلے میں مدد و حمایت کی مختلف صورتیں فراہم کر سکتے ہیں۔

یہ سینٹر آپ کو بیلجیئم میں قانونی طور پر ٹھہرنے کی شرائط کو وضاحت سے بیان کر دے گا۔ پولیس کو ان افراد کے بارے میں متعلقہ معلومات فراہم کرنا ایک شرط ہے کہ جنہوں نے آپ کا استحصال کیا تھا۔

استقبالیہ سینٹر آپ کو اپنی سرپرستی میں لے لینے کے بعد، اس شرط کے بارے میں آپ کو سوچنے کا وقت دے گا۔

استقبالیہ سینٹر سے روزانہ 24 گھنٹے رابطہ کیا جا سکتا ہے
رازداری کی گارنٹی دی جاتی ہے

PAG ASA
Cellebroersstraat, 16,
Rue des Alexiens
1000 Brussel/Bruxelles
☎ 02/511.64.64
02/511.58.68
info@pag-asa.be

payoke
Leguit 4
2000 Antwerpen
☎ 03/201.16.90
03/233.23.24
admin@payoke.be

asbl SÜRYA
Rue Rouveroy, 2
4000 Liège
☎ 04/232.40.30
04/232.40.39
info@asblsurya.be